مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

## حضرت مولانا مہتمم صاحب مدظلہ کی مصروفیات

☆ ۱۴ردسمبر کو دفاع پاکستان کونسل کے زیراہتمام اسلام آباد میں بیت المقدس کے بارہ میں آل پارٹیز کانفرنس منعقد ہوئی ☆ ۳ر۔جنوری حضرت مہتمم صاحب نے جامعہ تحفیظ القرآن پار ہوتی مردان میں جمعیت علماء اسلام کے صوبائی مجلس شوریٰ کی صدارت فرمائی ☆ ۷۔جنوری کو دفاع پاکستان کونسل کے زیراہتمام ''تحفظ ختم نبوت، تحفظ بیت المقدس اور تحفظ قبائل کانفرنس'' پشاور میں حضرت مہتمم صاحب کی قیادت میں ہوئی ☆ ۱۰رجنوری کو حضرت مولانا سلیمان ندوی صاحب مقیم ڈربن ساؤتھ افریقہ کی دارالعلوم آمد اور ایوان شریعت ہال میں طلبا سے مفصل خطاب بھی فرمایا۔اس سے قبل بھی آپ جامعہ تشریف لاچکے ہیں ☆ ۱۱رجنوری کو لاہور میں دفاع پاکستان کونسل کے زیراہتمام کانفرنس منعقد ہوئی۔☆ ۱۲رجنوری کو فیصل آباد میں ایک جلسہ کی صدارت اور آخر میں خطاب فرمایا۔

☆ ۱۶رجنوری کو نامور عالم و دانشور مولانا عدنان کاکا خیل، بے نظیر بھٹو یونیورسٹی دیر کے وائس چانسلر ڈاکٹر خان بہادر صاحب کے ہمراہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کیلئے دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے، اسکے علاوہ مالاکنڈ یونیورسٹی کے ڈین جناب ڈاکٹر رحمت علی صاحب، مردان یونیورسٹی کے پروفیسر مولانا نعیم حقانی کے ہمراہ بھی تشریف لائے۔

**خیبر نیوز چینل کی ٹیم کی دارالعلوم آمد:** ۱۷ جنوری کو خیبر نیوز چینل کی ٹیم نے دارالعلوم کا دورہ کیا اور حضرت مہتمم صاحب سے ملکی اور بین الاقوامی حالات پر ان سے انٹرویو کیا، یہ انٹرویو ''ویو پوائنٹ'' کے نام سے خیبر نیوز چینل نے ۱۸ جنوری کو رات دس بجے ٹیلی کاسٹ کیا

**دارالعلوم کے ششماہی امتحانات اور تعطیلات:** دارالعلوم کے ششماہی امتحانات ۱۳رجنوری سے شروع ہوکر ۱۷رجنوری تک رہے، نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ کے زیرنگرانی تمام امتحانات باحسن طریقے سے اختتام پذیر ہوئے، امتحانات کے بعد دارالعلوم میں دس روز کی تعطیلات ہوئیں اور ۱۸رجنوری سے دوبارہ اسباق کا آغاز ہوا۔